فوری ریلیز کے لیے: 25/7/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کا QUEST DIAGNOSTICS کی نئی PCR ٹیسٹنگ ایپلیکیشن کی منظوری کے ساتھ منکی پاکس کی ٹیسنگ کی صلاحیت میں مسلسل اضافے کا اعلان

یہ ویکسینز، ٹیسٹنگ اور وسائل کو زیادہ وسیع پیمانے پر دستیاب کرنے کے لیے ریاست کی مسلسل کوششوں کا حصہ ہے

مزید یہاں سے جانیے health.ny.gov/monkeypox

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ نے ریاست نیو یارک میں منکی پاکس کی شناخت کے لیے Quest Diagnostics کی حالیہ ایپلیکیشن کا جائزہ لے کر اس کو منظور کیا ہے۔ یہ ٹیسٹنگ، جو کہ ان افراد کے نمونوں کا ٹیسٹ کرنے کے لیے فوری PCR ٹیکنالوجی کا استعمال کرتی ہے جن میں چھالوں والی خراش یا آبلوں کی علامات ظاہر ہو رہی ہوں، نیو یارک کی وافر ٹیسٹنگ کی صلاحیت میں مزید اضافہ کرے گی اور فراہم کنندگان کو لیبز کے حوالے سے ایک اور انتخاب فراہم کرے گی جو سیمپلز کو پراسیس کر کے منکی پاکس وائرس کی نشاندہی کرسکتا ہے۔ اس وقت، نمونوں کو ریاست کے Wadsworth Center، NYC کے محکمہ صحت اور ذہنی حفظان صحت کے ساتھ ساتھ نجی لیبز میں ٹیسٹ کیا جا سکتے ہے جن میں LabCorp, Mayo Clinic, Aegis Sciences Corporation, Sonic Healthcare اور UR Medicine Lab شامل ہیں۔

"نیو یارک کو اب بھی منکی پاکس کے غیر متناسب کیسز کا سامنا ہے اور ہم اس وقت کا سامنا فوری اور جارحانہ اقدام کے ذریعے کریں گے۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "آج کا اعلان ٹیسٹنگ میں اضافہ کرنے، زیادہ ویکسینوں کا بندوبست کرنے اور جس قدر ممکن ہو وسیع پمانے پر وسائل کو دستیاب کرنے کے لیے ہماری منکی پاکس کے خلاف امدادی کاروائی کی کاوشوں کو بروئے کار لاتا ہے۔ ہم نیو یارک کے باشندوں، بشمول اپنی سب سے کمزور کمیونٹیز، کی حفاظت کرنے کے لیے وہ سب کریں گے جو ہمارے اختیار میں ہوگا۔"

دیگر دستیاب ٹیسٹوں کی طرح، Quest Diagnostics کا نیا پولیمریز چین ری ایکشن (polymerase chain reaction، PCR) ٹیسٹ نگہداشت صحت فراہم کنندگان، جیسے بنیادی صحت کے فزیشنز، ہسپتالوں یا ہنگامی نگہداشت، کے جمع کردہ ان مریضوں سے حاصل کردہ سویب والے نمونوں کا استعمال کرتا ہے جن میں شدید یا عمومی قسم کے آبلوں یا چھالوں والی خراش ظاہر ہو رہی ہو۔ نئی قسم کی ٹیسٹنگ کو Quest نے وسط جولائی میں متعارف کیا تھا جس کا استعمال آنے والے ہفتوں میں شروع ہونے کا امکان ہے۔ ریاست نیو یارک کے عوامی صحت کے قانون کے مطابق، Quest Diagnostics کی جانب سے کلینیکل لیباریٹری ایویلیوایشن پروگرام (Clinical Laboratory Evaluation Program, CLEP) کو معلومات جمع کروا دیے جانے سے، محکمہ صحت کو اس نئی ٹیسٹنگ کو منظور کرنے کے لیے اضافی اقدامات کرنا درکار تھا۔ وہ جائزہ اب مکمل ہو چکا ہے۔

اسٹیٹ ہیلتھ کمشنر ڈاکٹر Mary T. Bassett نے کہا، "جبکہ ہم نجی لیبز کے استعمال کے ذریعے منکی پاکس کی ٹیسٹنگ کی صلاحیت میں اضافہ جاری رکھے ہوئے ہیں، یہ جاننا اہم ہے کہ اسٹیٹ کے Wadsworth Center کے پاس بھی اضافی ٹیسٹنگ کی صلاحیت دستیاب ہے۔ لیکن ٹیسٹنگ کے حوالے سے اصل مشکل یہ ہے کہ اس میں

زخموں پر سویب استعمال کرنا شامل ہے، جن کی موجودگی ٹیسٹ سے یہ تشخیص کرنے کے لیے لازمی ہے کہ آیا وائرس بھی موجود ہے یا نہیں۔ زخموں کے بغیر ٹیسٹنگ فی الحال ممکن نہیں ہے۔ اور ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کرنا جاری رکھیں گے کہ فراہم کنندگان کو علم ہو کہ منکی پاکس کا ٹیسٹ کب اور کس طرح کرنا ہے۔"

فراہم کنندگان کو نمونہ لینے کے طریقے کے متعلق تفصیلی ہدایات صحت کی رہنمائیوں سے مل سکتی ہیں جو محکمے نے ہیلتھ الرٹ نیٹ ورک کے ذریعے شیئر کی ہوئی ہیں۔

ٹیسٹنگ کی اضافی صلاحیت نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ (NYSDOH) کی منکی پاکس پر جاری امدادی کاروائیں کو بروئے کار لائے گی، جن میں حال ہی میں شروع کی گئی SMS ٹیکسٹ کے ذریعے نیو یارک کے باشندوں کو اطلاع دیے جانے کی کاوش شامل تھی۔ "MONKEYPOX" لکھ کر یا ہسپانوی میں ٹیکسٹ کرنے کے لیے "MONKEYPOXESP" لکھ کر 81336 پر بھیج کر، نیویارک کے مکین ٹیکسٹ میسجز کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں — جس میں کیسز، علامات، پھیلاؤ، اور ٹیسٹنگ اور ویکسینیشن کے وسائل کے بارے میں الرٹس شامل ہوں گے۔ زپ کوڈ فراہم کر کے، نیویارک کے مکین مقام پر مبنی پیغامات حاصل کرنے کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں۔

ریاست نیو یارک کے امراض پر قابو اور روک تھام کے مراکز کی منکی پاکس کی امدادی کاروائیوں کی ٹیم کے ساتھ جاری باہمی تعاون کی وجہ سے، ریاست نیو یارک نے 60,000 سے زیادہ خوراکوں کا بندوبست کر لیا ہے جن میں نیو یارک شہر کے لیے بھی شامل ہیں۔ گورنر Hochul نے حال ہی میں وہائٹ ہاؤس کے ڈاکٹر Ashish Jha سے یہ یقینی بنانے کے لیے بات کی کہ نیویارک کو منکی پاکس ویکسین کے دستیاب ہوتے ہی ان کی فراہمی میں اپنا منصفانہ حصہ ملے، خصوصاً ان نیویارک کے ان علاقوں کے لوگوں کے لیے جہاں پھیلاؤ کی شرحیں زیادہ ہیں۔

NYSDOH کی مختص شدہ ویب سائٹ، جو تازہ ترین معلومات کے ساتھ اپ ڈیٹ رہتی ہے، میں مفت، ڈاؤن لوڈ کے قابل مواد بشمول پام کارڈ، معلوماتی کارڈ، دستی پرچے اور پوسٹر انگریزی اور ہسپانوی دونوں زبانوں میں دستیاب ہیں۔ NYSDOH پہلے ہی ان وسائل کو LGBTQ+ تنظیموں، کاؤنٹی کے صحت کے مقامی محکموں، نگہداشتِ صحت فراہم کنندگان، اور کاروباروں میں تقسیم کر چکا ہے۔ NYSDOH نے منکی پاکس کے کیسز کی بلند تر شرحوں کا سامنا کرنے والی کمیونٹیز تک معلومات پہنچانے کے لیے ایک ڈیجیٹل اشتہاری مہم پر بھی خرچہ کیا ہے۔

عوام سے رابطے کے علاوہ، ریاست نیویارک کا محکمۂ صحت علاقوں میں ویکسین کی تقسیم پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ مقامی کاؤنٹی کے صحت کے محکمے جنہیں رسد موصول ہوئی ہے وہ براہِ راست ویکسین لگا رہے ہیں اور ویکسین لگانے کے لیے ملاقات کا وقت دینے کے عمل کا اپنا طریقۂ کار بنا رہے ہیں۔ کاؤنٹیوں کے ساتھ شراکت میں کام کرتے ہوئے، نیویارک کے مکین جو مقام پر مبنی الرٹس کے لیے سائن اپ کرتے ہیں وہ ویکسین کی دستیابی، کلینک کے مقامات، نظام الاوقات، اور اپنے علاقے کے لیے مخصوص منکی پاکس سے متعلق دیگر تازہ ترین معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

اس ماہ میں اب سے پہلے NYSDOH نے نیو یارک سٹی کے محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYCDOHMH) کے ساتھ شراکت داری میں کمیونٹی کے رہنماؤں کے لیے ایک منکی پاکس ٹاؤن ہال کی میزبانی کی جس کی قیادت اسٹیٹ ہیلتھ کمشنر ڈاکٹر Mary T. Bassett اور سٹی ہیلتھ کمشنر ڈاکٹر Ashwin Vasan نے کی۔

منکی پاکس کے متعلق مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں health.ny.gov/monkeypox ۔

نیویارک کے باشندے ریاست نیویارک کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے ویکسین کی پہلی تفویض کے متعلق یہاں سے اور دوسری تفویض کے متعلق یہاں سے جان سکتے ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418